


# بکری، کتا اور گائے

# Chèvre, Chien et Vache

Fabian Wakholi
Marleen Visser
Samrina Sana
Urdu / French
Level 2

storybookscanada.ca




بکری، کتا اور گائے بہت اچھے دوست تھے۔ ایک
دن وہ ٹیکسی پر سفر کرنے نکلے۔

...

Chèvre, Chien et Vache étaient de très bons amis. Un jour ils firent un voyage en taxi.



سفر کے اختتام پر ڈرائیور نے اُن سے کرایہ ادا کرنے
کے لیے کہا۔ گائے نے اپنا کرایہ دے دیا۔

...

Quand ils atteignirent la fin de leur voyage, le chauffeur leur demanda de payer leurs tarifs. Vache paya son tarif.



کتے نے اضافی کرایہ دے دیا، کیونکہ اُس کے پاس
کھلے پیسے نہیں تھے۔

...

Chien paya un petit peu plus parce qu’il n’avait pas la monnaie exacte.



جب ڈرائیور کتے کو اُس کا بقایا دینے ہی لگا تو بکری
کرایہ ادا کیئے بغیر بھاگ گئی۔

...

Le chauffeur était prêt à donner Chien sa monnaie quand Chèvre est parti sans payer du tout.



ڈرائیور کو غصہ آیا۔ وہ کتے کو بقایا دیئے بغیر وہاں سے
چلا گیا۔

...

Le chauffeur était très contrarié. Il partit sans donner Chien sa monnaie.



اسی وجہ سے آج بھی کتا گاڑیوں کے پیچھے بھاگتا ہے
تاکہ وہ اُس ڈرائیور کو تلاش کر کے اُس سے اپنے پیسے
نکلوا سکے۔

...

Voilà pourquoi, même aujourd’hui, Chien cours vers une voiture pour jeter un coup d’œil à l’intérieur et trouver le chauffeur qui lui doit sa monnaie.



بکری گاڑی کی آواز سن کر دور بھاگتی ہے۔ اُسے ڈر
ہے کہ کرایہ نہ دینے کی وجہ سے اُسے گرفتار کر لیا
جائے گا۔

...

Chèvre fuit le son d’une voiture. Elle a peur qu’elle soit arrêtée pour ne pas avoir payé son tarif.



اور گائے کبھی گاڑی کے آنے کی پروا نہیں کرتی۔ وہ اپنا وقت لے کر سڑک پار کرتی ہے۔ کیونکہ وہ جانتی ہے کہ اُس نے اپنا مکمل کرایہ ادا کیا ہوا ہے۔

...

Et Vache n’est pas gênée quand une voiture arrive. Vache prend son temps pour traverser la rue parce qu’elle sait qu’elle a payé son tarif en intégralité.

# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

# بکری، کتا اور گائے

## Chèvre, Chien et Vache

Written by: Fabian Wakholi
Illustrated by: Marleen Visser
Translated by: (ur) Samrina Sana, (fr) Alexandra Danahy

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons
Attribution 3.0 International License.